ضابطہ اخلاق برائے مبصرین

انتخابات ایکٹ 2017 کی دفعہ 238 کے تحت کسی مقامی یا بین الاقوامی ادارے کے انتخابی مشاہدہ مشن کے رکن کی حیثیت سے کوئی شخص الیکشن کمیشن کی اجازت سے انتخابات کے دن انتخابی عمل کا مشاہدہ کر سکتا ہے -

1. کسی بھی ایسے شخص کو انتخابی عمل کے مشاہدے کی اجازت نہیں دی جائے گی جو الیکشن کمیشن یا اس کے مجاز افسر کی جانب سے جاری کردہ اجازت نامہ پیش نہ کر سکے۔

2. مبصرین ہمہ وقت الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ اجازت نامہ کو نمایاں طور پر آویزاں کریں گے اور انتخابی عملہ و دیگر مجاز حکام کے طلب کرنے پر اپنی شناخت کرائیں گے۔

3. انتخابی مبصرین کو پاکستان کی سالمیت کے احترام کے ساتھ ساتھ عوام کے بنیادی حقوق اور آزادی کا پاس رکھنا ہو گا۔

4. مبصرین اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرے لوگوں کو عزت دیں گے اور ملکی ثقافت اور رسم و رواج کا احترام کریں گے اور وہ ہمہ وقت اپنے فرائض منصبی کے اعلی معیار کو برقرار رکھیں گے۔

5. مبصر ین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کوپیش نظر رکھیں گے اور الیکشن کمیشن اور اس کے انتخابی اہلکاروں کے اختیارات کا احترام کریں گے۔

6. مبصرین کو الیکشن کمیشن اور سرکاری اداروں بشمول حفاظتی عملہ کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہوگا اور ان کے لئے احترام کا جذبہ رکھنا ہو گا۔

7. مبصرین کو انتخابی عمل کے دوران ہمہ وقت مکمل سیاسی غیر جانب داری کا مظاہرہ کر نا ہو گا۔ وہ مقامی حکام اورسیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ انتخابی عمل کے کسی مسئلہ سے متعلقہ کسی قسم کا تعصب یا ترجیح کا مظاہرہ نہیں کریں گے۔

8. مبصرین ایسی کوئی کارروائی نہیں کریں گے اور نہ ہی اس میں حصہ لیں گے جس سے کسی سیاسی جماعت یا کسی امیدوار کے حق میں یا اس کے خلاف کسی قسم کا تاثر ملے۔

9. مبصرین انتخابی عمل سے متعلق کوئی بھی سوال پو چھ سکتے ہیں مگر وہ انتخابی عمل میں بلاواسطہ یا بالواسطہ رکاوٹ کا باعث نہیں بنیں گے۔

10. مبصرین اس بات کا خیال رکھیں گے کہ ان کے تمام مشاہدات غیر جانب دار، معروضی اور درستگی کے اعلی معیار کے مظہر ہوں۔

11. کوئی مبصر انتخابی عمل سے متعلق اپنے مشاہدے یا فیصلے کے بارے میں میڈیا پر ذاتی رائے کا اظہار نہیں کرے گا۔

12. مشاہداتی ادارے یا گروپ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ صرف ان کے نامزد کردہ افراد ہی انتخابی عمل پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔

13. مشاہداتی ادارے حاصل شدہ معلومات، طریقہ مشاہدہ اپنی سفارشات سے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو آگاہ کر سکتے ہیں۔

14. تمام ایسی تنظیمیں جنہوں نے الیکشن کمیشن سے مبصرین کیلئے "اجازت نامہ" کی درخواست کی ہو وہ اپنے اپنے مبصرین کی انتخابی قوانین اور قواعد بشمول اس ضابطہ اخلاق کے متعلق ان کی آگاہی اور تربیت کی ذمہ دار ہونگی۔